متاخرین مؤلف علام نے واضح کر دیا ہے کہ ان لوگوں کے خانہ ساز عقائد و نظریات اور بعض رسومات دین اسلام کی تعلیمات کے بالکل منافی ہیں اور طرفہ یہ ہے کہ موجد جماعت اور دوسرے بریلوی علماء کے قول و فعل اور نظریات میں زبردست تضاد پایا جاتا ہے۔

مؤلف کا اسلوب نگارش دلنواز، طرز استدلال سنجیدہ اور دل آویز ہے اگرچہ اس موضوع پر لاتعداد کتابیں موجود ہیں۔ لیکن یہ کتاب اپنی نوعیت میں یگانہ ہے اللہ تعالیٰ مولانا ممدوح کی اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے اور انہیں اجر عظیم عطا فرماتے۔ (م ع م)

اصول السنۃ لرد البدعۃ حضرت مولانا محمد طاہر صاحب فاضل دیوبند کی عربی تالیف ہے ان کے لائق تلمیذ جناب ابو الفیض محمد عبدالبر صاحب نے اس کا سلیس بامحاورہ اردو میں ترجمہ کیا ہے عمدہ طباعت، بہترین کتابت، ٹائیٹل دیدہ زیب، قیمت درج نہیں، درج ذیل پتہ سے دستیاب ہے۔ اشاعت التوحید والسنہ، نور مسجد، سرسید روڈ، منظور کالونی، کراچی

صدائے محراب از صاحبزادہ طارق محمود ــــ صفحات ٦٠٠ ــــ قیمت ١٥٠ روپے
ناشر مکتبہ "لولاک" جامع مسجد ریلوے کالونی فیصل آباد

مؤلف مولانا صاحبزادہ طارق محمود تحریک ختم نبوت کے معروف رہنما مولانا تاج محمود کے فرزند اور ان کے جانشین ہیں جنہوں نے "صدائے محراب" میں سال بھر کے ٥٢ خطبات جمعہ کو عصر جدید کے تقاضوں کے مطابق ادیبانہ اور خطیبانہ انداز میں پیش کیا ہے۔ مؤلف نے محرم الحرام سے لے کر ذوالحجہ تک اسلامی سال کی تاریخ کے اہم واقعات کو مختلف موضوعات کے تحت قرآن و حدیث کی روشنی میں اس طرح بیان کیا ہے کہ قاری واقعہ کی اہمیت و فضیلت سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ اس کے علاوہ توحید و رسالت، فضائل صحابہؓ ختم نبوت، معراج النبیؐ، رمضان و قرآن جہاد کی فرضیت، فضائل درود پاک، موت کی یاد، فلسفہ حج و قربانی تخلیق آدم جیسے پاکیزہ عنوانات حسن کلام کا ایسا مجموعہ ہیں۔ جو نو آموز مقررین، خطباء اور علم و ادب کا اعلیٰ ذوق رکھنے والے حضرات کے لیے موضوعات و تخیلات کا حسین گلدستہ ہیں۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ١٢ خطبات "صدائے محراب" کے حقیقی حسن اور روح بیان کا درجہ رکھتے ہیں۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے لے کر نبوت کی تاج پوشی تک کے واقعات کو صاحبزادہ طارق محمود نے عقیدت اور وارفتگی کے ایسے وجد آفرین عالم میں تحریر کیا ہے کہ پڑھنے والا بے خودی میں جھوم اٹھتا ہے۔ فتح مکہ میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے رحم و کرم، خلق و سلوک اور مدینہ میں محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کے داخلہ استقبال کے منظر کا مؤلف نے ایسا نقشہ کھینچا ہے کہ سارے واقعات نگاہوں کے سامنے گھوم جاتے ہیں۔